## سوال

(360) مدت رضاعت میں دودھ پینا

## جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

زید نے بکر کی ماں کا دودھ عدت کے اندر پیا تو کیا بکر زید کی ماں کا محرم ہو سکتا ہے اور بکر کے بہن بھائی خواہ چھوٹے ہوں یا بڑے زید کے کون کون سے رشتہ داروں کے محرم ہو سکتے ہیں۔

---

# الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

عدت سے مراد مدت رضاعت ہے تو زید نے بکر کی ماں کا دودھ دو سال کے اندر پیا ہے تو بکر کی ماں زید کی دودھ ماں ہے اور اس کی تمام اولاد زید کے بہن بھائی ہیں زید کے سوا اس کے دیگر رشتہ داروں سے یہ تعلق قائم نہ ہوگا مثلاً زید کا دادا زید کی دودھ ماں کا محرم نہیں اور زید کا کوئی دوسرا بھائی بھی زید کی اس دودھ ماں کا بیٹا نہیں ہوگا یہ حکم صرف زید کے لیے ہے جس نے دودھ پیا ہے یہ اس صورت میں ہے جب کہ سائل کی مراد عدت مدت رضاعت ہے۔ (اہلحدیث امرتسر ص2013 جنوری 1939ء)

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

**فتاویٰ ثنائیہ امرتسری**

**جلد2 ص334**

محدث فتویٰ